اس گمراہ کن پروپیگنڈہ کا دندان شکن جواب دیا ہے ۔ انہوں نے علامہ اقبال کی تحریروں سے بعض بعض چند خطوط بھی شامل ہیں یہ ثابت کیا ہے کہ علامہ موصوف صرف اور صرف اسلام سے متاثر تھے اور اسلامی نظام حیات ہی جو قرآن وسنت سے عبارت ہے ، ان کی نظر میں تمام نظام ہائے زندگی پر فوقیت رکھتا تھا اور اسی کو وہ قابل احترام ، قابل عمل اور انسانی زندگی کی تمام بیچینیوں کا واحد علاج سمجھتے تھے ۔

یہ کتابچہ دراصل ایک مقالہ تھا جو انگریزی میں شام ہمدرد لاہور کی ایک تقریب میں پڑھا گیا اور جو مصنف موصوف کے اہل نظر احباب کے اصرار پر مفادِ عامہ کی غرض سے ضروری اضافوں کے ساتھ اردو کے قالب میں ڈھالنے کے بعد طبع کیا گیا ہے ـــــــ امید ہے کہ اس سے کما حقہٗ فائدہ اٹھایا جائیگا ۔

(۴)

نام کتاب . . . . مشرقِ بعید میں طلوعِ اسلام

مصنف . . . . سید قدرت اللہ فاطمی

ضخامت . . . ۸۰ صفحات

قیمت . . . . ۹ روپے غیر مجلد ، کاغذ سفید ، اردو ٹائپ

یہ کتابچہ دراصل ریڈیو پاکستان سے ۱۹۶۶ء میں نشر ہونے والی ان تقاریر کا مجموعہ ہے جو مصنف نے عوامی جمہوریہ چین اور اس کے گردونواح کے علاقوں میں اسلام کی تاریخ سے متعلق کی تھیں لیکن تشنۂ تکمیل رہ گئی تھیں ۔ اب ادارہ ثقافت اسلامیہ نے انہیں مصنف کی طرف سے ضروری اضافوں اور ترامیم کے بعد کتابی صورت میں شائع کیا ہے ۔

عہدِ رسالت میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھیوں پر کفارِ مکہ نے جب عرصۂ حیات تنگ کر دیا تو آپ نے انہیں حبشہ کی طرف ہجرت کا حکم دیا ۔ ہجرتِ حبشہ کے چند سال کے اندر یعنی ۶۱۸ء تا ۶۲۶ء کے درمیانی عرصہ میں اسلام کے اولین مبلغ چین کے ساحل پر پہنچے اور وہاں کے لوگوں کو اسلام کی دعوت دی ـــــــ زیرِ نظر کتابچہ میں اسی دور کی تاریخ بیان کی گئی ہے اور چین میں اسلام کے طلوع و فروغ کو نہایت دلچسپ انداز میں پیش کیا گیا ہے ۔ دینِ اسلام سے والہانہ شغف رکھنے والوں کیلئے اس کا مطالعہ بیحد مفید اور مسرت کا باعث ہوگا !

نام کتاب . . . . سستی طاقتور غذائیں

مصنف . . . . زبدۃ الحکماء حکیم نور احمد